PECTAA
Transformation, Innovation & Excellence



# تسریع التّعلّم پروگرام (ALP)

## برائے مضمون اسلامیات لازمی جماعت نہم

## تعلیمی سیشن 26-2025ء

اسلامیات لازمی جماعت نہم کی ٹیکسٹ بک میں سے طلبہ کی سہولت کے پیشِ نظر درج ذیل احادیثِ مبارکہ اور اسباق حذف کیے جارہے ہیں تاکہ طلبہ بقیہ تمام اسباق پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے بھرپور تیاری کرسکیں۔ اساتذہ کرام ان اسباق سے صرفِ نظر برتیں۔

**باب اوّل:** احادیثِ مبارکہ نمبر 3، 6، 7، 12 اور 14

**باب چہارم:** اخلاص وتقویٰ، پردہ پوشی، جھوٹ، غیبت و بہتان، جادو، فال اور توہم پرستی

**باب پنجم:** قسم کے احکام ومسائل، اسلامی ریاست

**باب ششم:** صحابہ کرام (حضرت عمرو بن اُمیّہ، حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص، حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم)

صحابیات (حضرت شفا، حضرت اُمِ سلیم، حضرت اُمِ عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہن)

صوفیہ کرام (حضرت ابوالقاسم قشیری، شیخ فریدالدین عطّار، حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامی رحمۃ اللہ علیہم)

علماو مفکرین (امام شاطبی، امام جلال الدین سیوطی، ابن رُشد رحمۃ اللہ علیہم)

**باب ہفتم** مکمل (خوداعتمادی وخودانحصاری، جسمانی وذہنی صحت اور جسمانی ریاضت، اسلام میں مستقبل کی منصوبہ بندی کی اہمیّت، اسلامی تہذیب کے امتیازات)

امتحانی بورڈ کے پرچہ مرتّبین کے لیے لازم ہے کہ سوالیہ پرچہ ترتیب دیتے ہوئے درج بالا باب/عنوانات میں معروضی، انشائی و دیگر نوعیت کے سوالات میں سے کوئی سوال یا جز شامل نہ کریں۔

**نوٹ:** یہ تسریع التّعلّم پروگرام (ALP) صرف تعلیمی سیشن 26-2025 کے لیے بنایا گیا ہے۔

CamScanner

PECTAA
Transformation, Innovation & Excellence



# امتحانی پرچہ اسلامیات لازمی برائے جماعت نہم کی تیاری کے لیے ہدایات

## ممتحنین (Paper Setters) کے لیے ضروری ہدایات

اسلامیات لازمی برائے جماعت نہم کا سالانہ پرچہ 100 نمبروں پر مشتمل ہوگا، جس کے لیے طلبہ کو تین گھنٹے کا وقت دیا جائے گا۔ یہ پرچہ تین اجزا پر مشتمل ہوگا، جس کی تقسیم/Pairing Scheme حسبِ ذیل ہے:

**حصہ اول:** کثیر الانتخابی سوالات (کل نمبر 20)

**حصہ دوم:** مختصر سوالات (کل نمبر 40)

**حصہ سوم:** (i) ترجمہ احادیث مبارکہ (10)، (ii) مشاہیر پر مختصر نوٹ (10)، (iii) تفصیلی سوالات (20)

اسلامیات لازمی برائے جماعت نہم کے مندرجہ بالا تینوں حصوں کے مختلف سوالات کی تیاری کے لیے درج ذیل ہدایات کو ملحوظ رکھیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| حصہ اوّل | سوال نمبر 1: کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) | (کل نمبر 20) | کثیر الانتخابی سوالات کی تیاری کے لیے پوری کتاب کے متن کو ملحوظ رکھیں۔ جس کی تقسیم حسبِ ذیل ہے: باب اوّل، باب چہارم، باب پنجم اور باب ششم میں سے تین تین سوالات، باب دوم اور باب سوم میں سے چار چار کثیر الانتخابی سوالات بنائے جائیں۔ |
| حصہ دوم | سوال نمبر 2: مختصر سوالات | (کل نمبر 12) | اس حصے میں کل نو (9) مختصر سوالات بنائے جائیں، جن میں سے چھے (6) سوالات کے جواب دینے کا کہا جائے۔ اس حصے کے سوالات صرف بابِ اول اور باب دوم سے پوچھے جائیں اور صرف مشقوں میں دیے گئے مختصر سوالات ہی پرچے میں شامل کیے جائیں۔ بابِ اوّل میں دیے گئے اسمائے حسنیٰ کا ترجمہ بھی مختصر سوالات میں شامل کیا جائے۔ **(ہر باب سے چار سوال اور اسماء الحسنیٰ میں سے ایک ضرور شامل کریں۔)** |
| | سوال نمبر 3: مختصر سوالات | (کل نمبر 12) | اس حصے میں کل نو (9) مختصر سوالات بنائے جائیں، جن میں سے چھے (6) سوالات کے جواب دینے کا کہا جائے۔ اس حصے کے سوالات صرف بابِ سوم اور بابِ چہارم سے پوچھے جائیں اور صرف مشقوں میں دیے گئے مختصر سوالات ہی پرچے میں شامل کیے جائیں۔ **(کسی ایک باب میں سے چار سوال اور دوسرے باب میں سے پانچ سوال بنائے جائیں)** |
| | سوال نمبر 4: مختصر سوالات | (کل نمبر 16) | اس حصے میں کل بارہ (12) سوالات بنائے جائیں، جن میں سے آٹھ (8) سوالات کے جواب دینے کا کہا جائے۔ اس حصے کے سوالات صرف بابِ پنجم اور ششم سے پوچھے جائیں اور صرف مشقوں میں دیے گئے مختصر سوالات ہی پرچے میں شامل کیے جائیں۔ **(ہر باب سے چھے سوال ضرور شامل کریں۔)** |
| حصہ سوم | سوال نمبر 5: احادیث کا ترجمہ | (کل نمبر 10) | باب اوّل میں دی گئی پندرہ منتخب شدہ احادیث میں سے چار احادیث پرچے میں دی جائیں، جن میں سے دو کا ترجمہ پوچھا جائے۔ ایک حدیث کا ترجمہ کرنے کے کل نمبر پانچ (5) ہیں۔ نوٹ: احادیث کا ترجمہ صرف بابِ اول میں دی گئی پندرہ منتخب شدہ احادیث میں سے ہی پوچھا جائے، کتاب میں دوسرے مقامات پر دی گئی احادیث کا ترجمہ اس جگہ نہ پوچھا جائے۔ |

PECTAA

CS CamScanner

تین تین

| | | | |
|---|---|---|---|
| | سوال نمبر6: شخصیات | (کل نمبر10) | باب ششم میں دی گئی منتخب شدہ شخصیات میں سے چار شخصیات کے بارے میں سوال پوچھا جائے اور ان میں سے دو شخصیات پر مختصر نوٹ لکھنے کو کہا جائے۔ ان چار شخصیات کا انتخاب کرنے کے لیے درج ذیل چار طبقات میں سے ایک ایک شخصیت لی جائے:<br>(1) اہل بیت و صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم (2) صحابیات رضی اللہ تعالیٰ عنہن<br>(3) علماء و مفکرین رحمۃ اللہ علیہم (4) صوفیہ کرام رحمۃ اللہ علیہم |
| | سوال نمبر7: تفصیلی سوالات | (کل نمبر20) | کتاب کی مشقوں میں دیے گئے تفصیلی سوالات میں سے چار (4) دیے جائیں اور ان میں سے دو سوالوں کا جواب پوچھا جائے۔ ہر سوال کا جواب دس نمبر (10) پر مشتمل ہوگا۔ ان چار (4) سوالوں کے لیے اجزا کا انتخاب درج ذیل ترتیب کے مطابق کیا جائے:<br>(i) پہلا جز باب اول یا باب چہارم سے لیا جائے۔ (ii) دوسرا جز باب دوم سے لیا جائے۔<br>(iii) تیسرا جز باب سوم سے لیا جائے۔ (iv) چوتھا جز باب پنجم سے لیا جائے۔<br>نوٹ: باب ششم اور باب ہفتم سے کوئی تفصیلی سوال امتحانی پرچے کا حصہ نہ بنایا جائے۔ |

## ماڈل پرچہ اسلامیات (لازمی) برائے جماعت نہم

کل نمبر : 100 | وقت: 3 گھنٹے

### (حصہ اوّل)

**سوال نمبر1: درست جواب کا انتخاب کیجیے: (20)**

(1) تمام مسلمانوں کو ایک قراءت اور لہجے پر متفق کرنے والی شخصیت ہیں:
(الف) حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ (ب) حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (ج) حضرت علی کرم اللہ وجہہ (د) حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(2) اللہ تعالیٰ کو ہر چیز کا خالق، مالک اور رازق ماننا کہلاتا ہے:
(الف) توحیدِ ربوبیت (ب) توحیدِ اُلوہیت (ج) توحیدِ اسماء (د) توحیدِ صفات

(3) پانچ نمازیں گناہوں کا ایسے خاتمہ کرتی ہیں جیسے پانی:
(الف) میل کا (ب) زنگ کا (ج) لوہے کا (د) لکڑی کا

(4) نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے عمل کو کہا جاتا ہے:
(الف) حدیثِ فعلی (ب) حدیثِ قولی (ج) حدیثِ تقریری (د) حدیثِ قدسی

(5) سورۃ الاحزاب کی کس آیت میں نبی کریم (خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم) کی ختمِ نبوّت کا واضح اعلان ہے ؟
(الف) بیس (ب) تیس (ج) چالیس (د) پچاس

(6) کھانا کھا کر شکر ادا کرنے والے کا اجر برابر ہے:
(الف) روزے دار کے (ب) مجاہد کے (ج) مسافر کے (د) سخی کے

(7) ابلیس نے حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے سے انکار کیا:
(الف) تکبر کی وجہ سے (ب) مال و دولت کی وجہ سے (ج) کثرتِ علم کی وجہ سے (د) فرشتوں کا سردار ہونے کی وجہ سے

(8) حضرت جبریل علیہ السلام نے کن کے حقوق کی بار بار تاکید فرمائی؟
(الف) ہمسایہ (ب) معذور (ج) مسافر (د) اساتذہ

PECTAA
CamScanner

PECTAA

Transformation, Innovation & Excellence



(9) حضرت سیدنا امام زین العابدین رَحۡمَۃُ اللّٰہِ عَلَیۡہِ سپرد خاک ہوئے:

(الف) دمشق میں (ب) بصرہ میں (ج) کوفہ میں (د) مدینہ منورہ میں

(10) عہدِ رسالت میں کتنے لوگوں کو فتویٰ دینے کی اجازت تھی؟

(الف) دو (ب) چار (ج) چھے (د) آٹھ

(11) حدیث کو جمع کرنا اور کتابی شکل دینا کہلاتا ہے:

(الف) تدوینِ حدیث (ب) فضیلتِ حدیث (ج) روایتِ حدیث (د) درایتِ حدیث

(12) جب نبی اکرم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم قبر انور سے باہر تشریف لائیں گے تو آپ کے دائیں طرف ہوں گے:

(الف) حضرت ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ (ب) حضرت عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ (ج) حضرت عبدالرحمن بن عوف رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ (د) حضرت سعد بن معاذ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ

(13) نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم نے فریضۂ حج ادا کیا:

(الف) ایک مرتبہ (ب) دو مرتبہ (ج) تین مرتبہ (د) چار مرتبہ

(14) غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت کعب بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ کی توبہ قبول ہوئی:

(الف) سچ بولنے کی وجہ سے (ب) وعدہ پورا کرنے کی وجہ سے (ج) سخاوت کی وجہ سے (د) کفایت شعاری کی وجہ سے

(15) حج اور عمرے کے لیے اکٹھا احرام باندھنا کہلاتا ہے:

(الف) حجِ مبرور (ب) حجِ قِران (ج) حجِ تمتع (د) حجِ افراد

(16) نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم نے حضرت حلیمہ سعدیہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہَا کے استقبال کے لیے:

(الف) اپنی چادر ان کے قدموں میں بچھائی (ب) امہات المومنین کو بھیجا (ج) خواتین کا ایک وفد بھیجا (د) جانور قربان کیے

(17) یہودِ مدینہ کی نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم پر ایمان نہ لانے کی وجہ تھی:

(الف) حسد (ب) مال و دولت (ج) غرور (د) لاعلمی

(18) گواہی کے لیے قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والا لفظ ہے:

(الف) شہادت (ب) یمین (ج) منکر (د) امر

(19) قرآنِ مجید کے مطابق پڑوسیوں کی اقسام ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

(20) حضرت عمرو بن العاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ کے قبیلے کا نام تھا:

(الف) بنوعدی (ب) بنوسہم (ج) بنوتمیم (د) بنوثقیف

## (حصہ دوم)

**سوال نمبر 2: درج ذیل میں سے چھے سوالوں کے مختصر جواب دیجیے: (6×2=12)**

(1) حضرت عثمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ نے سب مسلمانوں کو ایک قراءت پر کس طرح متحد کیا؟

(2) دورِ نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم میں حفاظتِ حدیث کے کوئی سے دو ذرائع لکھیں۔

(3) حدیث کے معنیٰ و مفہوم بیان کریں۔

(4) صحاحِ ستہ میں سے دو کتابوں کے نام لکھیں۔

(5) حدیثِ جبریل علیہ السّلام کی روشنی میں تعلیم و تعلم کے کوئی سے دو آداب لکھیں۔

(6) اَلرَّءُوۡفُ کا ترجمہ کریں۔

(7) نماز کی کوئی سی دو شرائط تحریر کریں۔

(8) رمضان المبارک کے دو مسنون اعمال تحریر کریں۔

(9) قربانی کے کوئی سے دو احکام تحریر کریں۔

PECTAA

CamScanner

**سوال نمبر 3: درج ذیل میں سے چھے سوالوں کے مختصر جواب دیجیے: (2x6=12)**

(1) فتح مکہ کے موقع پر حضرت علی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کو کیا سعادت نصیب ہوئی؟
(2) غزوۂ حنین کے موقع پر نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم نے کس طرح جرأت و بہادری اور استقامت کا مظاہرہ فرمایا؟
(3) وفد بنو تمیم کو بارگاہِ رسالت میں حاضری کے وقت سکھائے گئے آداب میں سے کوئی سے دو لکھیں
(4) نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم پر درود و سلام پڑھنے کی فضیلت بیان کریں۔
(5) غدیرِ خم کے حوالے سے حضرت علی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی فضیلت بیان کریں۔
(6) رشک اور حسد میں فرق لکھیں۔
(7) نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کی شکر گزاری کی ایک مثال تحریر کریں۔
(8) تکبّر کے کوئی سے دو نقصانات بیان کریں۔
(9) بد دیانتی اور دھوکا دہی کے کوئی سے دو نقصانات تحریر کریں۔

**سوال نمبر 4: درج ذیل میں سے آٹھ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے: (2x8=16)**

(1) عینی شہادت اور سمعی شہادت کی وضاحت کریں۔
(2) سود کے کوئی سے چار معاشرتی نقصانات تحریر کریں۔
(3) حضرت اُمِّ عمارہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا کا مختصر تعارف بیان کریں۔
(4) سچی اور جھوٹی گواہی کے کوئی سے دو اثرات تحریر کریں۔
(5) حضرت امام زید بن علی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہِ کی علم حدیث کے حوالے سے خدمات تحریر کریں۔
(6) جہاد کی فضیلت پر ایک حدیثِ مبارک کا ترجمہ لکھیں۔
(7) علامہ ابن خلدون رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہِ کی علمی خدمات تحریر کریں۔
(8) حضرت عبداللہ بن عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کی اہلِ بیت اطہار رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُم سے محبت کا کوئی ایک واقعہ بیان کریں۔
(9) "پیغامِ پاکستان" کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ وضاحت کریں۔
(10) حضرت خواجہ نظام الدین دہلوی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہِ کا مختصر تعارف تحریر کریں۔
(11) شاہ عبدالعزیز محدّث دہلوی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہِ کا مختصر تعارف بیان کریں۔
(12) ہمسایوں کے دو حقوق بیان کریں۔

## (حصہ سوم)

**سوال نمبر 5: درج ذیل میں سے کوئی سی دو احادیث مبارکہ کا اردو ترجمہ کیجیے: (5+5=10)**

(الف) اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ، لَا یَظْلِمُهٗ، وَلَا یَخْذُلُهٗ، وَلَا یَحْقِرُهٗ
(ب) لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الرَّاشِیْ وَالْمُرْتَشِیْ
(ج) كُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَامٌ: دَمُهٗ، وَمَالُهٗ، وَعِرْضُهٗ۔
(د) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّرِزْقًا طَيِّبًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا

**سوال نمبر 6: درج ذیل میں سے کوئی سی دو شخصیات پر مختصر نوٹ لکھیں: (5+5=10)**

(الف) حضرت امام زین العابدین رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہِ
(ب) حضرت اسماء بنت ابی بکر صدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا
(ج) شیخ ابنِ عربی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہِ
(د) حضرت لعل شہباز قلندر رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہِ

**سوال نمبر 7: درج ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے تفصیلی جواب دیجیے: (10+10=20)**

(i) جمع و تدوینِ قرآن مجید کی تفصیل بیان کریں۔
(ii) عقیدۂ آخرت پر جامع نوٹ لکھیں۔
(iii) وصالِ نبوی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم پر جامع نوٹ تحریر کریں۔
(iv) اسلامی تعلیمات کی روشنی میں سود کی حرمت پر مضمون تحریر کریں۔

PECTAA

CS CamScanner